PAPER CODE

NUMBER:1027

2018 (A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 20 منٹ

گروپ - پہلا

حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | پہاڑی کوے کی لمبائی ہوتی ہے۔ | ڈیڑھ فٹ | ڈیڑھ میٹر | دوفٹ | ڈھائی فٹ |
| (2) | لڑکے نے ____ کو گھر کے دروازے پر پایا تو چکرا سا گیا۔ | ہیڈ ماسٹر | پرنسپل | ماسٹر جی | حکیم جی |
| (3) | ایبٹ آباد میں فوجی افسروں کی مشہور اکیڈمی کا نام ہے۔ | رحمٰن اکیڈمی | پاکستان اکیڈمی | مارشل اکیڈمی | کاکول اکیڈمی |
| (4) | نصابی کتب کے حوالے سے " حمد " کے شاعر کا نام ہے۔ | علامہ محمد اقبالؒ | مولانا الطاف حسین حالیؔ | مولانا ظفر علی خان | امیر مینائی |
| (5) | نظم " برسات کی بہاریں " کا شاعر ہے۔ | نذیر اکبر آبادی | نظیر اکبر آبادی | اکبر الہ آبادی | اکبر آبادی |
| (6) | مرزا غالب پیدا ہوئے۔ | دلی میں | لکھنؤ میں | آگرہ میں | بنارس میں |
| (7) | " اب " کی جمع ہے۔ | ابو | ابا | آباء | بابا |
| (8) | " ذاکرین " کا واحد ہے۔ | ذاکر | ذکر | مذکر | مذکور |
| (9) | " کشادہ " کا مترادف ہے۔ | کشادگی | فرخ | فراخ | فراغ |
| (10) | " راحت " کا متضاد ہے۔ | فرحت | رنج | مفرح | فرح |
| (11) | " بچھڑا " کی مؤنث ہے۔ | بچھڑی | بچھڑے | بچھیا | بچھڑنا |
| (12) | ایک صحبت میں مرزا غالب ____ تعریف کررہے تھے۔ | ذوقؔ کی | مومنؔ کی | بہادر شاہ ظفرؔ کی | میر تقی میرؔ کی |
| (13) | " میاں لڑکے جوان ہوتے نظر نہیں آتے " یہ کہا تھا۔ | سوداؔ نے | جرأت نے | غالبؔ نے | مومنؔ نے |
| (14) | الگو جب کبھی باہر جاتے تو اپنا گھر ____ چھوڑ جاتے۔ | سمجھو ساہو پر | رام دھن پر | جمن پر | گوڈر شاہ پر |
| (15) | تجمل کے پرائیویٹ سیکرٹری کا نام تھا۔ | اختر | راشد | بابا | رؤف |

ParhloPakistan.com

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )　　　　وقت = 2.10 گھنٹے

گروپ - پہلا　　　　**حصہ اِنشائیہ**　　　　کل نمبر = 60

## حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے )　10

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری
گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) سنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں
ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(iii) سب بھیکتے ہیں گھر گھر لے ماہ تابہ ماہی
یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(iv) ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیب گل، زر کامل عیار سے

( حصہ غزل )

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی
خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(iii) کتنا ہے بد نصیب ظفر، دفن کے لیے
دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔　10

(الف) کفار نے جب آپؐ کے گھر کا محاصرہ کیا اور رات زیادہ گزر گئی، تو قدرت نے ان کو بے خبر کر دیا۔ آنحضرتؐ ان کو سوتا چھوڑ کر باہر آئے، کعبے کو دیکھا اور فرمایا: "مکہ! تُو مجھ کو تمام دنیا سے زیادہ عزیز ہے، لیکن تیرے فرزند مجھ کو رہنے نہیں دیتے"۔

(ب) آپ سب کچھ سمجھ جائیں گے، یہ کوئی معما نہیں ہے۔ سنیئے! جیسا کہ آپ جانتے ہیں، آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ مَیں ایک مفلس، قلاش اور گمنام مصوّر ہو

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔　2 x 5 = 10

(i) مرزا غالبؔ کیسے اخلاق کے مالک تھے؟
(ii) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟
(iii) خواجہ باسط نے میرؔ اور مرزاؔ کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟
(iv) الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟
(v) مضمون نگار مرزا فرحت اللہ بیگ نے کون سا امتحان دیا تھا؟
(vi) مصنف کرنل محمد خان کو کس قسم کا بنگلہ رہنے کو ملا؟
(vii) کون سا بندہ حمد سرا ہے؟
(viii) جیبِ گُل کس چیز سے خالی ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) قدرِ ایاز　5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔　5

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اسے پڑھائی میں دلچسپی لینے کے بارے میں نصیحت کی گئی ہو۔　یا
ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کے لیے درخواست لکھیں۔　10

8۔ "جھوٹ کی سزا" کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔　یا　مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھیے۔　5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔　5

(i) علی نے شاگرد پڑھایا۔　(ii) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔　(iii) سائرہ نے عمر مارا۔
(iv) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔　(v) کاغذی خچر دوڑانا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آ بیل ________　(ii) سوت نہ کپاس ________　(iii) بوڑھی گھوڑی ________
(iv) الٹے بانس ________　(v) بارہ برس دلی میں رہے ________

MTN-9-1-18

1-2018(A)-71000 (MULTAN)

ParhloPakistan.com